# شیعہ کے پیچھے نماز کا حکم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں کسی دوسرے ملک میں کام کے لیے گیا ہوا ہو کیونکہ مجھے کام کے لیے کچھ مہینوں کے لیے دوسرے کنڑیز میں جانا ہوتا ہے ۔ادھر شیعہ کی مساجد ہیں کوئی سنی مسجد نہیں ہے تو وہاں میں نماز کیسے پڑھوں اور جمعہ میں ان کے پیچھے پڑھ سکتا ہوں ؟

سائل:حسنین – بلیک برن (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

آپ گھر پر نمازیں پڑھیں اور جمعہ کی جگہ گھر پر ہی ظہر پڑھیں ان شاء اللہ آپ کو باجماعت نمازوں اور جمعہ کا ثواب دیا جائے گا کیونکہ آپ کی ایسا کرنے کی نیت تھی لیکن مجبوری کی وجہ سے آپ باجماعت نمازیں اور جمعہ نہ پڑھ سکے ۔
کیونکہ شیعہ میں مختلف فرقے ہیں ان میں بعض فرقوں کی بدعقیدگی کفر تک پہنچی ہے ان کے پیچھے نماز باطل ہے اور بعض شیعہ لوگوں کے پیچھے نماز سخت مکروہ ہے۔ جوشیعہ آل عباس کو انبیاء علیہم السلام کے برابر کہتے ہیں یا قرآن کو نامکمل سمجھتے ہیں تووہ تو کافر ہیں ان کے پیچھے نماز پڑھنے سے اجتناب فرض ہے جیساکہ سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں ۔

حضرات آلِ عباس رضوان اللہ تعالٰی علیہم کو حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا معاذ اللہ ہمسر وہم مرتبہ بنانا تو خود کفرِ صریح اور دوسراکفر صریح یعنی آلِ عباس کو انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام پر تفصیل کو مستلزم اس تقدیر پر تو امامت کیسی ،وہ شخص اصلاً و قطعاً کسی نماز میں یا عبادت یا نیک کام کی خود لیاقت نہیں رکھتا کہ کفار کا کوئی حسنہ مقبول نہیں بلکہ حقیقۃً اُن سے صدور عبادت معقول نہیں اس صورت میں اس کے پیچھے ترک نماز نہ صرف مناسب بلکہ فرض قطعی ہے۔

(فتاوی رضویہ ج6 ص444 )

اور جن شیعہ لوگوں کی بدعقیدگی کفر تک نہیں پہنچی مثلا وہ صرف ماتم کرتے یا حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کو شیخین سے افضل قرار دیتے ہیں تو ان کے پیچھے نماز سخت مکروہ ہے جیساکہ

ارکان اربعہ میں ہے:" اما الشیعۃ الذین یفضلون علیاعلی الشیخین ولایطعنون فیھما اصلا کالزید یۃ تجور خلفھم الصلٰوۃ لکن تکرہ کراھۃ شدیدۃ " وہ شیعہ لوگ جوحضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ کوشیخین (حضرت ابوبکروحضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما) پر فضیلت دیتے ہیں اور ان پر ہر گز طعن و تشنیع بھی نہیں

کرتے مثلاً فرقہ زیدیہ کے لوگ ،تو ان کے پیچھے نماز جائز ہے لیکن سخت مکروہ ۔

(رسائل الارکان فصل فی الجماعت مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ ص۹۹)

اورسیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں ۔
حضرت امیر المومنین سیدنا مولٰی علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو حضرت شیخین رضی اللہ تعالٰی عنہما سے افضل بتانا رفض و بد مذہبی، یہی وجوہ اس شخص کے پیچھے نماز کے سخت مکروہ ہونے کو کافی تھا۔

(فتاوی رضویہ ج6 ص444 )

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

Date:17 -01-2019

**The ruling of praying salāh behind a Shī'ah**

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: I am living in another country for work purposes, because my job involves me travelling to various countries for a several months. There are Shī'ah mosques here, but no Sunnī ones, so how should I pray salāh here, and can I pray Jum'ah behind them?**

Questioner: Hasnayn from Blackburn, England

**ANSWER:**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

You should pray salāh at home, and pray Zuhr at home instead of Jum'ah; Allāh willing, you will receive the reward of praying salāh in congregation and of Jum'ah as well, because your original intention was in fact to do this, but you are unable to do so due to the aforementioned problem. This is because there are various sub-sects of Shī'ahs - the deviancy of some reaches the level of disbelief; salāh behind such people is invalid. However, there are some Shī'ahs behind whom salāh is extremely Makrūh [disliked]. The Shī'ahs who regard the descendants of Sayyidunā 'Abbās as equal to the Noble Prophets, upon whom be peace & blessings, or believe the Qur'ān to be incomplete are non-Muslims; it is Fard to avoid praying salāh behind such, just as Sayyidī A'lāhadrat Imām Ahmad Ridā Khān, upon whom be countless mercies, states -

It is clear-cut disbelief itself to regard the respected descendants of Sayyidunā 'Abbās, may Allāh Almighty be pleased with them all, as equal and of the same status as the most Noblest of Prophets ﷺ. There is a second explicit act of disbelief, in other words, on the assumption of deeming the descendants of Sayyidunā 'Abbās as superior to the previous Prophets, upon whom be peace & blessings, imagine what this would necessitate in the matter of Imāmah. Such a person is not worthy of salāh, worship, or any righteous deed himself, by any means at all whatsoever, as the good deed of a non-Muslim is not accepted. In fact, them performing any act of worship is not plausible in the slightest; in this case, not only is it appropriate to not pray salāh behind such a person, it is in fact an absolute definitive Fard.

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 6, pg 444]

As for those Shī'ahs whose deviancy hasn't reached the level of disbelief - for example, they only perform mātam[1], or they regard Sayyidunā 'Alī, may Allāh Almighty be pleased with him, as more superior than the Shaykhayn[2] - salāh behind such is thereby extremely disliked.

Just as it is stated in Arkān Arba'ah,

"اما الشیعۃ الذین یفضلون علیاعلٰی الشیخین ولایطعنون فیھما اصلا کالزید یۃ تجور خلفھم الصلٰوۃ لکن تکرہ کراھۃ شدیدۃ"

"Those Shī'ahs who claim superiority of Sayyidunā 'Alī over the Shaykhayn (Sayyidunā Abū Bakr & Sayyidunā 'Umar - may Allāh Almighty be pleased with them both), but they do not sneer or taunt them at all in the slightest - for instance, those of the Zaydiyyah sect - salāh behind them is thereby permissible, but extremely Makrūh."

[Rasā'il al-Arkān, pg 99]

Furthermore, Sayyidī A'lāhadrat Imām Ahmad Ridā Khān, upon whom be infinite mercies, states that to regard the leader of the believers, Sayyidunā Mawlā 'Alī, may Allāh Almighty further increase his honour, as superior to the blessed Shaykhayn, may Allāh Almighty be pleased with them both, is heresy and irreligiousness; this is reason enough as to why salāh behind such people is extremely disliked.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali

---

[1] The act of them slashing themselves in the month of Muharram.

[2] Sayyidunā Abū Bakr & Sayyidunā 'Umar - may Allāh Almighty be pleased with them both.